وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ	وہ کہیں گے سب تعریف اللہ کے لیے ہے
الَّذِىْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ	جس نے سچا کر دیا ہم سے اپنا وعدہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُتَكَبِّرِيْنَ : تکبر، متکبر، کبیر، اکبر۔
وَ : مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔
اتَّقَوْا : تقویٰ، متقی۔
رَبَّهُمْ : رب کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔
حَتّٰٓى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
فُتِحَتْ : افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
اَبْوَابُهَا : باب، ابواب، باب خیبر، بابِ رحمت۔
سَلٰمٌ : مسلم، سلامتی، اسلام، تسلیم۔

عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
طِبْتُمْ : طیب و طاہر، مدینہ طیبہ، کلمہ طیبہ۔
فَادْخُلُوْهَا : دخل، داخل، دخول، مدخل۔
خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔
قَالُوا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الْحَمْدُ : حمد و ثناء، حامد، محمود۔
صَدَقَنَا : صداقت، صدق دل، صادق و امین۔
وَعْدَهٗ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔

فَبِئْسَ	مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿72﴾ ①	وَ	سِيْقَ ②
پس برا (ہے)	ٹھکانا	تکبر کرنے والوں (کا)	اور	لے جائے جائیں گے

الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	رَبَّهُمْ	اِلَى الْجَنَّةِ	زُمَرًا ؕ
(وہ لوگ) جو	سب ڈرے	اپنے رب (سے)	جنت کی طرف	گروہ در گروہ

حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءُوْهَا ③④	وَ	فُتِحَتْ ③⑤⑥
یہاں تک کہ	جب	وہ سب آئیں گے اُس کے پاس	اور	کھول دیے جائیں گے

اَبْوَابُهَا	وَ	قَالَ ③	لَهُمْ	خَزَنَتُهَا
اُس کے دروازے	اور	کہیں گے	اُن سے	اُن کے دربان

سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	طِبْتُمْ	فَادْخُلُوْهَا ④
سلام (ہو)	تم پر	تم پاکیزہ رہے	پس تم سب داخل ہو جاؤ اس میں

خٰلِدِيْنَ ﴿73﴾	وَ	قَالُوا ③	الْحَمْدُ
سب ہمیشہ رہنے والے	اور	وہ سب کہیں گے	سب تعریف

لِلّٰهِ	الَّذِىْ	صَدَقَنَا ⑦	وَعْدَهٗ
اللہ کے لیے (ہے)	جس نے	سچا کر دیا ہم سے	اپنا وعدہ

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔②سِيْقَ اصل میں سُوِقَ تھا گرامر کے اصول کے مطابق وِ کو ی سے بدلا گیا ہے۔③یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔④وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اسکا ا گر جاتا ہے۔⑤ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑦نَا فعل کے آخر میں اور اس سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ ہمیں، ہم سے کیا جاتا ہے۔

وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ	اور اُس نے وارث بنایا ہمیں اس زمین کا
نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ	(کہ) ہم ٹھکانا بنائیں جنت میں
حَيْثُ نَشَآءُ ۚ	جہاں ہم چاہیں
فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿74﴾	پس اچھا اجر ہے عمل کرنے والوں کا۔﴿74﴾
وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ	اور آپ دیکھیں گے فرشتوں کو
حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ	عرش کے اردگرد گھیرا ڈالے ہوئے
يُسَبِّحُوْنَ	وہ تسبیح کر رہے ہیں
بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ	اپنے رب کی تعریف کے ساتھ
وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ	اور فیصلہ کیا جائے گا اُن کے درمیان
بِالْحَقِّ وَقِيْلَ	حق کے ساتھ اور کہا جائے گا
الْحَمْدُ لِلّٰهِ	سب تعریف اللہ کے لیے ہے
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿75﴾ ع	(جو) تمام جہانوں کا رب ہے۔﴿75﴾

الربع 5 ع 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَوْرَثَنَا : وارث، وراثت، ورثا۔
الْاَرْضَ : ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْجَنَّةِ : جنت الفردوس، جنات۔
حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔
نَشَآءُ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
الْعٰمِلِيْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
تَرَى : رؤیت ہلال کمیٹی، رؤیت باری تعالیٰ۔
الْمَلٰٓئِكَةَ : ملک الموت، ملائکہ۔
حَوْلِ : ماحول، حوالئ شہر، ماحولیات۔
الْعَرْشِ : عرش بریں، عرش وفرش۔
يُسَبِّحُوْنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
بِحَمْدِ، الْحَمْدُ : حمد وثناء، حامد، محمود۔
قُضِيَ : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
بَيْنَهُمْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
قِيْلَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

وَ	اَوْرَثَنَا	الْاَرْضَ	نَتَبَوَّاُ ①	مِنَ الْجَنَّةِ ②
اور	اُس نے وارث بنایا ہمیں	(اس) زمین کا	(کہ) ہم ٹھکانا بنائیں	جنت سے

حَيْثُ	نَشَآءُ ج	فَنِعْمَ	اَجْرُ	الْعٰمِلِيْنَ ③ (74)
جہاں	ہم چاہیں	پس اچھا (ہے)	اجر	عمل کرنے والوں (کا)

وَ	تَرَى	الْمَلٰٓئِكَةَ ④	حَآفِّيْنَ ⑤
اور	آپ دیکھیں گے	فرشتوں (کو)	سب گھیرا ڈالے ہوئے

مِنْ حَوْلِ	الْعَرْشِ	يُسَبِّحُوْنَ
اردگرد سے	عرش کے	وہ سب تسبیح کر رہے ہیں

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ج	وَ	قُضِيَ ⑥⑦
اپنے رب کی تعریف کے ساتھ	اور	فیصلہ کیا جائے گا

بَيْنَهُمْ	بِالْحَقِّ	وَ	قِيْلَ ⑥⑧
اُن کے درمیان	حق کے ساتھ	اور	کہا جائے گا

ع 8 5 5 الربع

الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ع (75)
سب تعریف	اللہ کے لیے (ہے)	(جو) تمام جہانوں کا رب (ہے)

ضروری وضاحت

① تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ② ة واحد مؤنث کی علامت ہے ③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یہاں ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ⑤ حَآفِّيْنَ دراصل حَافِفِيْنَ تھا ڈبل حرف کو یکجا کر کے شد دی گئی ہے۔ ⑥ یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔ ⑦ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ قِيْلَ اصل میں قُوِلَ تھا، گرامر کے اصول کیمطابق وَ کو ی سے بدلا گیا ہے۔

اٰیَاتُهَا 85 | 40 سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ 60 | رُكُوْعَاتُهَا 09

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ﴿1﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ	حٰمٓ ﴿1﴾ (اس) کتاب کا اُتارنا اللہ کی طرف سے
الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿2﴾	(جو) بہت غالب خوب جاننے والا ہے۔ ﴿2﴾
غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ	گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے
شَدِيْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِي الطَّوْلِ ۭ	سخت سزا دینے والا ہے بڑے فضل والا ہے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿3﴾	نہیں کوئی معبود مگر وہی اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ ﴿3﴾
مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ	نہیں جھگڑا کرتے اللہ کی آیات میں
اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مگر (وہی) جنہوں نے کفر کیا
فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ	تو نہ دھوکے میں ڈالے آپ کو اُن کا چلنا پھرنا
فِي الْبِلَادِ ﴿4﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ	شہروں میں۔ ﴿4﴾ جھٹلایا اُن سے پہلے
قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۠	قومِ نوح نے اور اُنکے بعد (دوسرے) گروہوں نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَنْزِيْلُ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	اِلَّا	: الا ماشاءاللہ، الاقلیل، اِلا یہ کہ۔
الْعَلِيْمِ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	اِلَيْهِ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
غَافِرِ	: مغفرت، استغفار، استغفراللہ۔	يُجَادِلُ	: جنگ وجدل، جدال، مجادلہ۔
قَابِلِ	: قبول، قبولیت، مقبول۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
التَّوْبِ	: توبہ، تائب، توبۃ النصوحہ۔	يَغْرُرْكَ	: غرور، مغرور۔
الْعِقَابِ	: عقوبت خانہ، عاقبت نااندیش۔	الْبِلَادِ	: بلدیہ، بلدیات، طول بلد۔
ذِي	: ذیشان، ذی وقار، ذی الحجہ۔	كَذَّبَتْ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
لَآ اِلٰهَ	: لاتعداد، لاعلاج / الٰہ العالمین، توحید اُلوہیت۔	الْاَحْزَابُ	: حزب اللہ، حزب الشیطان، حزب اختلاف۔

اٰیَاتُھَا 85 — 40 سُوۡرَۃُ الۡمُؤۡمِنِ مَکِّیَّۃٌ 60 — رُکُوۡعَاتُھَا 09

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حٰمٓ ۚ (1)	تَنۡزِیۡلُ	الۡکِتٰبِ	مِنَ اللّٰہِ	الۡعَزِیۡزِ ①	الۡعَلِیۡمِ ① (2) لا
حٰمٓ	اُتارنا	(اس) کتاب کا	اللہ (کی طرف) سے	(جو) بہت غالب	خوب جاننے والا (ہے)

غَافِرِ ②	الذَّنۡۢبِ	وَ	قَابِلِ ②	التَّوۡبِ	شَدِیۡدِ	الۡعِقَابِ ۙ
بخشنے والا	گناہ	اور	قبول کرنے والا	توبہ	سخت	سزا دینے والا

ذِی الطَّوۡلِ ؕ	لَاۤ اِلٰہَ ③	اِلَّا	ہُوَ ؕ	اِلَیۡہِ
بڑے فضل والا (ہے)	نہیں کوئی معبود	مگر	وہی	اُسی کی طرف

الۡمَصِیۡرُ (3)	مَا ④	یُجَادِلُ	فِیۡۤ اٰیٰتِ اللّٰہِ ⑤	اِلَّا	الَّذِیۡنَ ⑥
لوٹ کر جانا (ہے)	نہیں	وہ جھگڑا کرتے	اللہ کی آیات میں	مگر	(وہی) جن

کَفَرُوۡا	فَلَا	یَغۡرُرۡکَ	تَقَلُّبُہُمۡ	فِی الۡبِلَادِ (4)
سب نے کفر کیا	تو نہ	وہ دھوکے میں ڈالے آپ کو	اُن کا چلنا پھرنا	شہروں میں

کَذَّبَتۡ ⑤	قَبۡلَہُمۡ	قَوۡمُ نُوۡحٍ	وَّ	الۡاَحۡزَابُ	مِنۡۢ بَعۡدِہِمۡ ⑦ ص
جھٹلایا	اُن سے پہلے	قومِ نوح (نے)	اور	(دوسرے) گروہوں (نے)	اُن کے بعد

ضروری وضاحت

①فَعِیۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔②فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔④مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ات اسم اور تْ فعل کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں۔⑥ الَّذِیۡنَ جمع مذکر کی علامت ہے ترجمہ جو، جن، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔⑦اگر لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ ہو تو اسکے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۭ بِرَسُوْلِهِمْ	اور ارادہ کیا ہر امت نے اپنے رسول کے متعلق
لِيَاْخُذُوْهُ	کہ وہ گرفتار کر لیں اُسے
وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ	اور اُنہوں نے جھگڑا کیا باطل (جھوٹی باتوں) کے ساتھ
لِيُدْحِضُوْا	تاکہ وہ پھسلا دیں (زائل کر دیں)
بِهِ الْحَقَّ	اس کے ذریعے حق کو
فَاَخَذْتُهُمْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝5	تو میں نے پکڑ لیا اُنہیں پھر کیسی تھی میری سزا۔ ۝5
وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ	اور اسی طرح ثابت ہو گئی آپ کے رب کی بات
عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	(اُن لوگوں) پر جنہوں نے کفر کیا
اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝6	کہ بلاشبہ وہ دوزخ والے ہیں۔ ۝6
اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ	(وہ فرشتے) جو اُٹھائے رکھتے ہیں عرش کو
وَمَنْ حَوْلَهٗ	اور وہ جو اس کے ارد گرد ہیں
يُسَبِّحُوْنَ	وہ پاکیزگی بیان کرتے ہیں

وقف النبی ﷺ
وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كُلُّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
لِيَاْخُذُوْهُ، فَاَخَذْتُهُمْ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
جٰدَلُوْا : جنگ وجدل، جدال۔
بِالْبَاطِلِ : حق و باطل، ادیان باطلہ، زعم باطل۔
الْحَقَّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔
فَكَيْفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
عِقَابِ : عقوبت خانہ، عاقبت نااندیش۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔

كَلِمَتُ : کلمہ، کلام، متکلم، انداز تکلم۔
كَفَرُوْٓا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اَصْحٰبُ : صاحب، صحبت، صحابی، اصحاب خیر۔
النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
يَحْمِلُوْنَ : حمل، حامل، محمول، حاملہ عورت۔
الْعَرْشَ : عرش الٰہی، عرش و فرش، تحت العرش۔
حَوْلَهٗ : ماحول، حوالی شہر، ماحولیات۔
يُسَبِّحُوْنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔

● کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

بِرَسُوْلِهِمْ ②③	اُمَّةٍۢ ①	كُلُّ	هَمَّتْ ①	وَ
اپنے رسول کے متعلق	امت نے	ہر	ارادہ کیا	اور

بِالْبَاطِلِ ②	جٰدَلُوْا	وَ	لِيَاْخُذُوْهُ ④⑤
باطل (جھوٹی باتوں) کے ساتھ	اُنہوں نے جھگڑا کیا	اور	تاکہ وہ سب گرفتار کرلیں اُسے

فَاَخَذْتُهُمْ قف	الْحَقَّ	بِهِ ②	لِيُدْحِضُوْا ④
تو میں نے پکڑلیا اُنہیں	حق (کو)	اس کے ذریعے	تاکہ وہ سب پھسلادیں (زائل کردیں)

كَذٰلِكَ	وَ	عِقَابِ ⑥ ۝5	كَانَ	فَكَيْفَ
اسی طرح	اور	(میری) سزا	تھی	پھر کیسی

كَفَرُوْا	عَلَى الَّذِيْنَ	رَبِّكَ	كَلِمَتُ	حَقَّتْ ①
سب نے کفر کیا	(اُن لوگوں) پر جن	آپ کے رب کی	بات	ثابت ہوگئی

يَحْمِلُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	اَصْحٰبُ النَّارِ ۘ ۝6	اَنَّهُمْ
وہ سب اُٹھائے رکھتے ہیں	(وہ فرشتے) جو	دوزخ والے (ہیں)	کہ بلاشبہ وہ

يُسَبِّحُوْنَ	حَوْلَهٗ	مَنْ	وَ	الْعَرْشَ ⑦
وہ سب پاکیزگی بیان کرتے ہیں	اس کے اردگرد (ہیں)	(وہ) جو	اور	عرش (کو)

وقف لازم
وقف النبی ﷺ

ضروری وضاحت

① تْ فعل کے اور ةٍ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔② بِ کا ترجمہ کے متعلق ضرورتاً کیا جاتا ہے۔③ علامت هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ان کا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔⑤ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑥ عِقَابِ اصل میں عِقَابِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ	اپنے رب کی حمد کے ساتھ
وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ	اور وہ ایمان رکھتے ہیں اس پر
وَيَسْتَغْفِرُوْنَ	اور وہ بخشش طلب کرتے ہیں
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ	(اُن لوگوں) کے لیے جو ایمان لائے
رَبَّنَا وَسِعْتَ	(کہ) اے ہمارے رب تو نے گھیر رکھا ہے
كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا	ہر چیز کو (اپنی) رحمت اور علم سے
فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا	تو تو بخش دے (اُن لوگوں کو) جنھوں نے توبہ کی
وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ	اور انھوں نے پیروی کی تیرے راستے کی
وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝7	اور تو بچا اُنہیں دوزخ کے عذاب سے۔ ۝7
رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ	اے ہمارے رب اور تو داخل کر اُنہیں
جَنّٰتِ عَدْنِ	ہمیشگی کے باغات میں
الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ	جن کا تو نے وعدہ کیا ہے اُن سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِحَمْدِ	: حمد وثناء، حامد، محمود۔	فَاغْفِرْ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
وَ	: مال ودولت، عفو ودرگزر، شان وشوکت۔	تَابُوْا	: توبہ، تائب۔
يُؤْمِنُوْنَ، اٰمَنُوْا	: ایمان، مومن، امن۔	اتَّبَعُوْا	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
يَسْتَغْفِرُوْنَ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	سَبِيْلَكَ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
رَبَّنَا	: ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔	عَذَابَ	: عذاب آخرت۔
وَسِعْتَ	: وسعت، توسیع، وسیع وعریض۔	اَدْخِلْهُمْ	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
كُلَّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	جَنّٰتِ	: جنت الفردوس، جنات۔
شَيْءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔	وَعَدْتَّهُمْ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔

بِحَمْدِ	رَبِّهِمْ ①	وَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ
حمد کے ساتھ	اپنے رب کی	اور	وہ سب ایمان رکھتے ہیں	اس پر

وَ	يَسْتَغْفِرُوْنَ ②	لِلَّذِيْنَ ③	اٰمَنُوْا ۚ
اور	وہ سب بخشش طلب کرتے ہیں	(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے

رَبَّنَا ④	وَسِعْتَ	كُلَّ	شَيْءٍ
(اے) ہمارے رب	تو نے گھیر رکھا ہے	ہر	چیز (کو)

رَّحْمَةً ⑤	وَّ	عِلْمًا	فَاغْفِرْ	لِلَّذِيْنَ ③
(اپنی) رحمت	اور	علم (سے)	تو بخش دے	(اُن لوگوں) کو جن

تَابُوْا	وَ	اتَّبَعُوْا	سَبِيْلَكَ	وَ	قِهِمْ ⑥
سب نے توبہ کی	اور	اُن سب نے پیروی کی	تیرے راستے کی	اور	تو بچا اُنہیں

عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿7﴾	رَبَّنَا ④	وَ	اَدْخِلْهُمْ ①
دوزخ کے عذاب (سے)	(اے) ہمارے رب	اور	تو داخل کر اُنہیں

جَنّٰتِ ⑤	عَدْنِ	الَّتِيْ ③	وَعَدْتَّهُمْ ①
باغات (میں)	ہیشگی کے	جن کا	تو نے وعدہ کیا ہے اُن سے

ضروری وضاحت

①علامت هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ان کا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں یا ان سے کیا جاتا ہے۔
②فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے اگر شروع میں کوئی اور علامت آئے تو اس کا ''اِ'' گر جاتا ہے۔
③الَّذِيْنَ جمع مذکر کی اور الَّتِيْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔④یہ دراصل يَا رَبَّنَا تھا، شروع سے يَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے۔⑤علامت ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥قِ کے شروع اور آخر سے کچھ حروف گر گئے ہیں۔

وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآبِهِمْ	اور (اُنہیں) جو نیک ہوئے اُنکے آباواجداد میں سے
وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ	اور اُن کی بیویوں اور اُن کی اولاد (میں سے)
اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ﴿۸﴾	بیشک تو ہی بہت غالب بڑی حکمت والا ہے۔﴿۸﴾
وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ	اور تو بچا اُنہیں برائیوں (آخرت کے عذابوں) سے
وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ	اور جسے تو بچا لے برائیوں (آخرت کے عذابوں) سے
يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ	اس دن تو یقیناً تو نے مہربانی کی اُس پر
ع 1/6 وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۹﴾	اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔﴿۹﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بیشک (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا
يُنَادَوْنَ	اُنہیں پکار کر کہا جائے گا
لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ	(کہ) بلاشبہ اللہ کا غصہ کرنا زیادہ بڑا تھا
مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ	(آج) تمہارے اپنے آپ پر غصہ کرنے سے
اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ	جب تم بلائے جاتے تھے ایمان کی طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَلَحَ	: صالح، صلح، اعمال صالحہ۔	اَلْفَوْزُ	: فوز و فلاح، فائز ہونا۔
اٰبَآبِهِمْ	: آباء و اجداد، آبائی گاؤں۔	اَلْعَظِيْمُ	: اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔
اَزْوَاجِهِمْ	: زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
ذُرِّيّٰتِهِمْ	: ذریت آدم، ذریت ابلیس۔	يُنَادَوْنَ	: نداء، منادی، ندائے ملت۔
اَلْحَكِيْمُ	: حکیم، حکمت، حکماء، حکیم الامت۔	اَكْبَرُ	: کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
اَلسَّيِّاٰتِ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظنِ سوء۔	اَنْفُسَكُمْ	: نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
يَوْمَئِذٍ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔	تُدْعَوْنَ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
رَحِمْتَهٗ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

وَ	مَنْ ①	صَلَحَ	مِنْ اٰبَآئِهِمْ	وَ	اَزْوَاجِهِمْ
اور	(اُنہیں) جو	نیک ہوئے	اُنکے آباواجداد میں سے	اور	اُن کی بیویوں

وَ	ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ	اِنَّكَ	اَنْتَ الْعَزِيْزُ ②	الْحَكِيْمُ ۙ (8)
اور	اُن کی اولاد (میں سے)	بے شک تو	تو ہی بہت غالب	بڑی حکمت والا (ہے)

وَ	قِهِمُ ③	السَّيِّاٰتِ ؕ	وَ	مَنْ ①	تَقِ ④
اور	تو بچالے اُنہیں	برائیوں سے	اور	جسے	تو بچالے

السَّيِّاٰتِ	يَوْمَئِذٍ	فَقَدْ ⑤	رَحِمْتَهٗ ؕ
برائیوں سے	اس دن	تو یقیناً	تو نے مہربانی کی اُس پر

ع 1/9/6

وَ	ذٰلِكَ	هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ② ع (9)	اِنَّ	الَّذِيْنَ
اور	وہ	ہی بہت بڑی کامیابی (ہے)	بے شک	(وہ لوگ) جن

كَفَرُوْا	يُنَادَوْنَ ⑥⑦	لَمَقْتُ اللّٰهِ	اَكْبَرُ
سب نے کفر کیا	وہ سب پکارے جائیں گے	(کہ) بلاشبہ اللہ کا غصہ کرنا	زیادہ بڑا (تھا)

مِنْ مَّقْتِكُمْ	اَنْفُسَكُمْ	اِذْ	تُدْعَوْنَ ⑦	اِلَى الْاِيْمَانِ
تمہارے غصہ کرنے سے	اپنے آپ پر	جب	تم سب بلائے جاتے تھے	ایمان کی طرف

ضروری وضاحت

① مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ② اَنْتَ اور هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ هِمُ کے میم کو اگلے لفظ سے ملانے کے لیے پیش دی گئی ہے۔ ④ تَقِ دراصل تَوْقِيْ تھا گرامر کے اصول کے مطابق و اور ی کو گرایا گیا ہے۔ ⑤ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑥ يُنَادَوْنَ اصل میں يُنَادَيُوْنَ تھا گرامر کے اصول کے مطابق ی گری ہوئی ہے۔ ⑦ علامت يُ اور تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

فَتَكْفُرُوْنَ ﴿10﴾	تو تم انکار کرتے تھے۔ ﴿10﴾
قَالُوْا رَبَّنَآ	وہ کہیں گے (اے) ہمارے رب!
اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ	تو نے موت دی ہمیں دوبار
وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ	اور تو نے زندہ کیا ہمیں دوبار
فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا	سو ہم نے اعتراف کیا اپنے گناہوں کا
فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿11﴾	تو کیا (اب یہاں سے) نکلنے کا کوئی راستہ ہے۔ ﴿11﴾
ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ	یہ (عذاب) بلاشبہ اس وجہ سے ہے
اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ	(کہ) جب پکارا جاتا تھا اللہ کو
وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ	(یعنی) اُس اکیلے کو (تو) تم انکار کرتے تھے
وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ	اور اگر (کسی کو) شریک ٹھہرایا جاتا اس کے ساتھ
تُؤْمِنُوْا ۭ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ	(تو) تم مان لیتے تھے پس (اب) حکم تو اللہ ہی کا ہے
الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿12﴾	(جو) نہایت بلند بہت بڑا ہے۔ ﴿12﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَكْفُرُوْنَ : کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
رَبَّنَآ : ربّ، ربِّ کائنات، توحیدِ ربوبیت، مربی۔
اَمَتَّنَا : موت و حیات، حیاتی مماتی۔
اثْنَتَيْنِ : ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔
اَحْيَيْتَنَا : حیات، احیائے سنت، حیاتِ جاوداں۔
فَاعْتَرَفْنَا : اعتراف کرنا، معترف ہونا۔
خُرُوْجٍ : خارج، خروج، اخراج، وزیرِ خارجہ۔
سَبِيْلٍ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
دُعِيَ : دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
وَحْدَهٗ : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
يُّشْرَكْ : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
تُؤْمِنُوْا : ایمان، مومن، امن۔
فَالْحُكْمُ : حکم، احکام، حاکم، محکوم، حکومت۔
الْعَلِيِّ : اعلیٰ وارفع، وزیرِ اعلیٰ، عالی شان۔
الْكَبِيْرِ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔

فَتَكْفُرُوْنَ ﴿10﴾	قَالُوْا ①	رَبَّنَآ ②	اَمَتَّنَا
توتم سب انکار کرتے تھے	وہ سب کہیں گے	(اے) ہمارے رب!	تونے موت دی ہمیں

اثْنَتَيْنِ ③	وَ	اَحْيَيْتَنَا	اثْنَتَيْنِ ③
دو (بار)	اور	تونے زندہ کیا ہمیں	دو (بار)

فَاعْتَرَفْنَا	بِذُنُوْبِنَا	فَهَلْ	اِلٰى خُرُوْجٍ
سوہم نے اعتراف کیا	اپنے گناہوں کا	تو کیا	(اب یہاں سے) نکلنے کی طرف

مِّنْ سَبِيْلٍ ④ ﴿11﴾	ذٰلِكُمْ ⑤	بِاَنَّهٗٓ	اِذَا
کوئی راستہ (ہے)	یہ (عذاب)	بلاشبہ اس وجہ سے ہے (کہ)	جب

دُعِيَ ⑥	اللّٰهُ	وَحْدَهٗ	كَفَرْتُمْ ۚ
پکارا گیا	اللہ (کو)	(یعنی) اُس اکیلے (کو)	(تو) تم نے انکار کیا

وَ	اِنْ	يُّشْرَكْ ⑦	بِهٖ	تُؤْمِنُوْا ۭ
اور	اگر	(کسی کو) شریک ٹھہرایا جاتا	اس کے ساتھ	(تو) تم سب مان لیتے تھے

فَالْحُكْمُ	لِلّٰهِ	الْعَلِيِّ	الْكَبِيْرِ ﴿12﴾
پس حکم	اللہ کا (ہے)	(جو) نہایت بلند	بہت بڑا (ہے)

ضروری وضاحت

① قَالُوْا فعل ماضی ہے مستقبل میں ترجمہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔② یہ دراصل یَا رَبَّنَا تھا، شروع سے یَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے، اسی کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔③ یہاں یْنَ کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
⑤ جنکے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ جمع مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہوجاتا ہے۔⑥ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ علامت ڈُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ	وہی ہے جو تمہیں دکھاتا ہے اپنی نشانیاں
وَ يُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ	اور وہ اُتارتا ہے تمہارے لیے آسمان سے رزق
وَمَا يَتَذَكَّرُ	اور نہیں نصیحت حاصل کرتا
اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿13﴾	مگر (وہی) جو رجوع کرتا ہے۔ ﴿13﴾
فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ	پس پکارو اللہ کو (اس حال میں کہ) خالص کرنے والے ہو
لَهُ الدِّيْنَ	اس کے لیے دین (بندگی) کو
وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿14﴾	اور اگرچہ کافر برا ہی مانیں۔ ﴿14﴾
رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ	(وہ) بلند درجوں والا صاحب عرش ہے
يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ	وہ ڈالتا ہے روح (یعنی وحی بھیجتا ہے) اپنے حکم سے
عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ	جس پر وہ چاہتا ہے۔
مِنْ عِبَادِهٖ	اپنے بندوں میں سے
لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿15﴾ ۙ	تاکہ وہ ڈرائے ملاقات کے دن سے۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُرِيْكُمْ	: رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	الدَّرَجٰتِ	: درجہ، درجات۔
يُنَزِّلُ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	ذُو الْعَرْشِ	: ذوالجلال، ذومعنی، ذوالحجہ/ عرش عظیم۔
يَتَذَكَّرُ	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	يُلْقِي	: القاء۔
يُّنِيْبُ	: انابت الی اللہ، منیب۔	اَمْرِهٖ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
فَادْعُوا	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔	يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
مُخْلِصِيْنَ	: خلوص، اخلاص، مخلص۔	عِبَادِهٖ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔
كَرِهَ	: کراہت، مکروہ، مکروہات۔	لِيُنْذِرَ	: بشارت وانذار، بشیر و نذیر۔
رَفِيْعُ	: رفعت، سطح مرتفع، مرفوع، اعلیٰ وارفع۔	التَّلَاقِ	: ملاقات، ملاقاتی حضرات۔

هُوَ	الَّذِیْ ①	یُرِیْكُمْ	اٰیٰتِهٖ	وَ	یُنَزِّلُ
وہ	جو	وہ دکھاتا ہے تمہیں	اپنی نشانیاں	اور	وہ اُتارتا ہے

لَكُمْ ②	مِّنَ السَّمَآءِ	رِزْقًا ؕ	وَ	مَا
تمہارے لیے	آسمان سے	رزق	اور	نہیں

یَتَذَكَّرُ ③	اِلَّا	مَنْ ④	یُّنِیْبُ ⑬	فَادْعُوا	اللّٰهَ
وہ نصیحت حاصل کرتا	مگر	(وہی) جو	وہ رجوع کرتا ہے	پس تم سب پکارو	اللہ (کو)

مُخْلِصِیْنَ ⑤	لَهُ ②	الدِّیْنَ	وَ	لَوْ
(اس حال میں کہ) سب خالص کرنے والے (ہو)	اس کے لیے	دین (یعنی بندگی) کو	اور	اگرچہ

كَرِهَ	الْكٰفِرُوْنَ ⑭	رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ ⑥	ذُو الْعَرْشِ ۚ
ُبرا مانیں	سب کافر	درجات کی بلندی والا	عرش والا (ہے)

یُلْقِی	الرُّوْحَ ⑦	مِنْ اَمْرِهٖ	عَلٰی مَنْ ④	یَّشَآءُ
وہ ڈالتا ہے	روح (یعنی وحی بھیجتا ہے)	اپنے حکم سے	جس پر	وہ چاہتا ہے

مِنْ عِبَادِهٖ	لِیُنْذِرَ ⑧	یَوْمَ التَّلَاقِ ⑮ لا
اپنے بندوں میں سے	تا کہ وہ ڈرائے	ملاقات کے دن (سے)

ضروری وضاحت

① الَّذِیْ واحد مذکر کی علامت ہے۔ ② لَكُمْ اور لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوگیا ہے۔ ③ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ ات اسم کیساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑧ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تا کہ کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ	جس دن وہ (قبروں سے نکل کر) ظاہر ہوں گے
لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ	نہیں چھپی ہوگی اللہ پر ان کی کوئی چیز
لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ	(اللہ تعالیٰ پوچھے گا) آج کس کی بادشاہی ہے
لِلّٰهِ الْوَاحِدِ	(پھر اللہ خود ہی فرمائے گا) اللہ کی جو اکیلا ہے
الْقَهَّارِ ﴿16﴾	بہت غالب ہے۔ ﴿16﴾
اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ	آج بدلہ دیا جائے گا ہر نفس کو
بِمَا كَسَبَتْ ؕ	(اس) کا جو اُس نے کمایا
لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ	آج کوئی ظلم نہ ہوگا
اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿17﴾	بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ ﴿17﴾
وَ اَنْذِرْهُمْ	اور آپ ڈرائیں اُنہیں
يَوْمَ الْاٰزِفَةِ	قریب آنے والی (قیامت) کے دن سے
اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ	جب دل گلوں کے پاس (آ پہنچیں گے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوْمَ، اَلْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔	كُلُّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
يَخْفٰى : مخفی، خفیہ، اخفا۔	بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	كَسَبَتْ : کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔
شَيْءٌ : شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔	ظُلْمَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
الْمُلْكُ : مالک الملک، مُلک و ملت، ملوکیت۔	سَرِيْعُ : سریع الحرکت، سرعت۔
الْوَاحِدِ : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	الْحِسَابِ : حساب و کتاب، محتسب، احتساب۔
الْقَهَّارِ : قہرِ الٰہی۔	اَنْذِرْهُمْ : بشارت و انذار، نذیر۔
تُجْزٰى : جزاء و سزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	الْقُلُوْبُ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب و اذہان۔

يَوْمَ	هُمْ ①	بٰرِزُوْنَ ۚ	لَا	يَخْفٰى ②
(جس) دن	وہ سب	(قبروں سے نکل کر) سب ظاہر ہونے والے	نہیں	چھپی ہوگی

عَلَى اللّٰهِ	مِنْهُمْ	شَيْءٌ ③ ؕ	لِمَنِ	الْمُلْكُ
اللہ پر	اُن میں سے	کوئی چیز	(اللہ تعالیٰ پوچھے گا) کس کی	بادشاہی (ہے)

اَلْيَوْمَ ؕ	لِلّٰهِ	الْوَاحِدِ	الْقَهَّارِ ⑯
آج	اللہ کی	(جو) اکیلا ہے	غالب (ہے)

اَلْيَوْمَ	تُجْزٰى ④⑤	كُلُّ	نَفْسٍ	بِمَا
آج	بدلہ دیا جائے گا	ہر	نفس (کو)	(اُس) کا جو

كَسَبَتْ ④ ؕ	لَا ظُلْمَ ⑥	الْيَوْمَ ؕ	اِنَّ ⑦	اللّٰهَ
اُس نے کمایا	کوئی ظلم نہ ہوگا	آج	بے شک	اللہ

سَرِيْعُ	الْحِسَابِ ⑰	وَ	اَنْذِرْهُمْ
بہت جلد	حساب لینے والا (ہے)	اور	آپ ڈرائیں اُنہیں

يَوْمَ الْاٰزِفَةِ ④	اِذِ	الْقُلُوْبُ	لَدَى الْحَنَاجِرِ
قریب آنے والی (قیامت) کے دن (سے)	جب	دل (پہنچ جائیں گے)	گلوں کے پاس

ضروری وضاحت

① هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ وہ سب ہوتا ہے۔② یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں یہ مذکر فعل ہے کیونکہ اسکا تعلق شَيْءٌ (چیز) سے جو اُردو میں مؤنث ہے اس لیے اسکا ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ تـ، تْ اور ة مؤنث کی علامتیں ہیں۔⑤ تـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔⑦ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

كٰظِمِيْنَ ؕ	غم سے بھرے ہوئے ہوں گے
مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ	نہیں ہوگا ظالموں کا کوئی دلی دوست
وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ؕ﴿18﴾	اور نہ کوئی سفارشی جس کی بات مانی جائے۔﴿18﴾
يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ	وہ جانتا ہے آنکھوں کی خیانت کو
وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ﴿19﴾	اور (اُسے بھی) جو چھپاتے ہیں (ان کے) سینے۔﴿19﴾
وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ	اور اللہ فیصلہ کرتا ہے حق کے ساتھ
وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ	اور جن کو وہ پکارتے ہیں اُس کے سوا
لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ؕ	کسی بھی چیز کا وہ فیصلہ نہیں کر سکتے
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ	بیشک اللہ ہی خوب سننے والا
الْبَصِيْرُ ع﴿20﴾	سب کچھ دیکھنے والا ہے۔﴿20﴾
اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ	اور (بھلا) کیا وہ نہیں چلے پھرے زمین میں
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ	(کہ) پس وہ دیکھ لیتے کیسا انجام ہوا

ع 2 11 7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِلظّٰلِمِيْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	يَدْعُوْنَ	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
شَفِيْعٍ	شفاعت، شافع محشر، شفیع المذنبین۔	بِشَيْءٍ	شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
يُطَاعُ	اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔	السَّمِيْعُ	سمع وبصر، آلہ سماعت، قوت سماعت۔
خَآئِنَةَ	خیانت، خائن۔	الْبَصِيْرُ	سمع وبصر، بصارت، علیٰ وجہ البصیرت۔
الْاَعْيُنِ	عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔	يَسِيْرُوْا	سیر کرنا، سیر وسیاحت۔
تُخْفِي	مخفی، خفیہ، اخفا۔	فَيَنْظُرُوْا	نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
الصُّدُوْرُ	صدری علم، شرح صدر، ضیق الصدر۔	كَيْفَ	کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
يَقْضِيْ	قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔	عَاقِبَةُ	عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔

كٰظِمِيْنَ ۬ؕ	مَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ حَمِيْمٍ ①②
سب غم سے بھرے ہوئے (ہوں گے)	نہیں (ہوگا)	ظالموں کا	کوئی دلی دوست

وَّ	لَا	شَفِيْعٍ ②	يُّطَاعُ ③ ؕ ⑱	يَعْلَمُ
اور	نہ	کوئی سفارشی	(جس کی) بات مانی جائے	وہ جانتا ہے

خَآئِنَةَ ④ الْاَعْيُنِ	وَ	مَا	تُخْفِي ④	الصُّدُوْرُ ⑲
آنکھوں کی خیانت	اور	(اُسے بھی) جو	چھپاتے ہیں	(ان کے) سینے

وَ	اللّٰهُ	يَقْضِيْ	بِالْحَقِّ ⑤ ؕ	وَ	الَّذِيْنَ
اور	اللہ	وہ فیصلہ کرتا ہے	حق کے ساتھ	اور	(وہ) جن کو

يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ ①	لَا يَقْضُوْنَ ⑥	بِشَيْءٍ ②⑤ ؕ
وہ سب پکارتے ہیں	اُس کے سوا	نہیں وہ سب فیصلہ کرسکتے	کسی بھی چیز کا

ع 11 2 7

اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ السَّمِيْعُ ⑦	الْبَصِيْرُ ⑳ ع	اَ	وَ	لَمْ
بیشک	اللہ	ہی خوب سننے والا	سب کچھ دیکھنے والا (ہے)	کیا	اور	نہیں

يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ ④
وہ سب چلے پھرے	زمین میں	(کہ) پس وہ سب دیکھ لیتے	کیسا	ہوا	انجام

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ۔ ② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے ۔ ③ يُطَاعُ اصل میں يُطْوَعُ تھا گرامر کے قاعدے کے مطابق واؤ کو الف کیا گیا ہے اور یہاں يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ ة اسم کے آخر میں اور تـ فعل کے شروع میں مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ بِـ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے وغیرہ بھی کیا جاتا ہے۔
⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑦ هُوَ کے بعد الْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	(اُن لوگوں کا) جو اُن سے پہلے تھے
كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً	وہ سب اُن سے زیادہ سخت تھے قوت میں
وَّ اٰثَارًا فِي الْاَرْضِ	اور زمین میں نشانات (یعنی یادگاروں) کے لحاظ سے
فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ	پھر پکڑ لیا اُنہیں اللہ نے اُنکے گناہوں کے سبب
وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿21﴾	اور نہ تھا اُن کو اللہ سے کوئی بچانے والا۔ ﴿21﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ	یہ اس وجہ سے تھا کہ بیشک وہ (ایسے تھے کہ)
كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ	آتے تھے اُن کے پاس اُن کے رسول
بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا	واضح دلائل کے ساتھ تو انہوں نے انکار کیا
فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ	پھر پکڑ لیا اُن کو اللہ نے
اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿22﴾	بیشک وہ بہت طاقتور سخت سزا (دینے) والا ہے۔ ﴿22﴾
وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے بھیجا موسیٰ کو
بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ ﴿23﴾	اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ ﴿23﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْ قَبْلِهِمْ	منجانب، من وعن / قبل از وقت۔
اَشَدَّ	شدید، شدت، تشدد، اشد ضرورت۔
قُوَّةً	قوت، قوی، مقوی۔
اٰثَارًا	اثر، آثار، آثار قدیمہ۔
الْاَرْضِ	ارض وسماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
فَاَخَذَ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
رُسُلُهُمْ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
بِالْبَيِّنٰتِ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
فَكَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
قَوِيٌّ	قوت، قوی، مقوی۔
شَدِيْدُ	شدید، شدت، تشدد، اشد ضرورت۔
اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
بِاٰيٰتِنَا	آیت، آیات، قرآنی آیات۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
سُلْطٰنٍ	سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت عمان۔
مُّبِيْنٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔

الَّذِيْنَ	كَانُوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	كَانُوْا	هُمْ ①
(اُن لوگوں کا) جو	وہ سب تھے	اُن سے پہلے	تھے وہ	وہ سب

اَشَدَّ ②	مِنْهُمْ	قُوَّةً ③	وَّ	اٰثَارًا	فِي الْاَرْضِ
زیادہ سخت	اُن سے	قوت میں	اور	نشانات (یعنی یادگاروں) کے لحاظ سے	زمین میں

فَاَخَذَهُمُ ①	اللّٰهُ	بِذُنُوْبِهِمْ ؕ ①	وَ	مَا	كَانَ
پھر پکڑ لیا اُنہیں	اللہ نے	اُنکے گناہوں کے سبب	اور	نہ	تھا

لَهُمْ ④	مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ وَّاقٍ ⑤ ﴿21﴾	ذٰلِكَ ⑥	بِاَنَّهُمْ ①
اُن کو	اللہ سے	کوئی بچانے والا	یہ	اس وجہ سے تھا کہ بیشک وہ (ایسے تھے کہ)

كَانَتْ	تَّاْتِيْهِمْ	رُسُلُهُمْ ①	بِالْبَيِّنٰتِ	فَكَفَرُوْا
تھے	آتے اُن کے پاس	اُن کے رسول	واضح دلائل کے ساتھ	تو انہوں نے انکار کیا

فَاَخَذَهُمُ ①	اللّٰهُ ؕ	اِنَّهٗ	قَوِيٌّ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿22﴾
پھر پکڑ لیا اُن کو	اللہ (نے)	بیشک وہ	بہت طاقتور	سخت سزا دینے والا (ہے)

وَ	لَقَدْ ⑦	اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ ﴿23﴾
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	موسیٰ (کو)	اپنی نشانیوں کے ساتھ	اور واضح دلیل

ضروری وضاحت

①علامت هُمْ یا هِمْ اگر الگ استعمال ہوں تو ترجمہ وہ سب اور فعل کے آخر میں ترجمہ انہیں اور اسم کے آخر میں ترجمہ ان کا کیا جاتا ہے۔②اَشَدَّ کے اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔③ة،ث اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں۔④ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑤یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑦علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

اِلٰی فِرۡعَوۡنَ وَ هَامٰنَ وَ قَارُوۡنَ	فرعون اور ہامان اور قارون کی طرف
فَقَالُوۡا سٰحِرٌ کَذَّابٌ ﴿۲۴﴾	تو اُنہوں نے کہا (یہ تو ہے) جادوگر بہت جھوٹا۔ ﴿۲۴﴾
فَلَمَّا جَآءَهُمۡ	پس جب وہ آیا اُن کے پاس
بِالۡحَقِّ مِنۡ عِنۡدِنَا	ہماری طرف سے حق لے کر
قَالُوا اقۡتُلُوۡۤا	(تو) اُنہوں نے کہا قتل کرو
اَبۡنَآءَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مَعَهٗ	اُن لوگوں کے بیٹوں کو جو اُس کے ساتھ ایمان لائے
وَ اسۡتَحۡیُوۡا نِسَآءَهُمۡ ؕ	اور زندہ رہنے دو اِن کی عورتوں (بیٹیوں) کو
وَ مَا کَیۡدُ الۡکٰفِرِیۡنَ اِلَّا فِیۡ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾	اور نہیں تھی کافروں کی چال مگر ناکام۔ ﴿۲۵﴾
وَ قَالَ فِرۡعَوۡنُ ذَرُوۡنِیۡۤ	اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑ دو
اَقۡتُلۡ مُوۡسٰی	(کہ) میں قتل کر دوں موسیٰ کو
وَ لۡیَدۡعُ رَبَّهٗ ۚ	اور چاہیے کہ وہ پکار لے اپنے رب کو
اِنِّیۡۤ اَخَافُ اَنۡ یُّبَدِّلَ دِیۡنَکُمۡ	بیشک میں ڈرتا ہوں کہ وہ بدل ڈالے گا تمہارا دین

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَقَالُوۡا	:	قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔	اسۡتَحۡیُوۡا	:	شرم وحیاء، باحیا، بے حیائی۔
سٰحِرٌ	:	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	نِسَآءَهُمۡ	:	تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔
کَذَّابٌ	:	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	الۡکٰفِرِیۡنَ	:	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
عِنۡدِنَا	:	عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	اِلَّا	:	اِلا ماشاء اللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
اقۡتُلُوۡۤا، اَقۡتُلۡ	:	قتل، قاتل، مقتول، قتال۔	وَ لۡیَدۡعُ	:	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
اَبۡنَآءَ	:	ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔	اَخَافُ	:	خوف، خائف، خوف وہراس۔
اٰمَنُوۡا	:	ایمان، مومن، امن۔	یُّبَدِّلَ	:	تبدیل، متبادل، تبادلہ، بدل۔
مَعَهٗ	:	مع اہل وعیال، معیت۔	دِیۡنَکُمۡ	:	دین حنیف، دین ودنیا۔

اِلٰی فِرْعَوْنَ	وَ	هَامٰنَ	وَ	قَارُوْنَ
فرعون کی طرف	اور	ھامان (کی طرف)	اور	قارون (کی طرف)

فَقَالُوْا	سٰحِرٌ	كَذَّابٌ ﴿24﴾ ①	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ
تو انہوں نے کہا	(یہ تو) جادوگر (ہے)	بہت جھوٹا (ہے)	پس جب	وہ آیا اُن کے پاس

بِالْحَقِّ	مِنْ عِنْدِنَا ②	قَالُوا	اقْتُلُوْٓا ③
حق کے ساتھ	ہماری طرف سے	(تو) انہوں نے کہا	تم سب قتل کرو

اَبْنَآءَ ④	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	وَ	اسْتَحْيُوْا ③
(اُن لوگوں کے) بیٹوں (کو)	جو	سب ایمان لائے	اُسکے ساتھ	اور	تم سب زندہ رہنے دو

نِسَآءَهُمْ ④ ط	وَ	مَا ⑤	كَيْدُ	الْكٰفِرِيْنَ
اِن کی عورتوں (بیٹیوں کو)	اور	نہیں (تھی)	چال	کافروں کی

اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿25﴾	وَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ	ذَرُوْنِيْٓ ⑥	اَقْتُلْ مُوْسٰى
مگر ناکامی میں	اور	کہا	فرعون (نے)	سب چھوڑ دو مجھے	میں قتل کردوں موسیٰ کو

وَلْيَدْعُ ⑦	رَبَّهٗ ج	اِنِّيْٓ اَخَافُ ⑧	اَنْ يُّبَدِّلَ	دِيْنَكُمْ
اور چاہیے کہ وہ پکارے	اپنے رب کو	بیشک میں ڈرتا ہوں	کہ وہ بدل ڈالے گا	تمہارا دین

ضروری وضاحت

① فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔② اسم کے آخر میں نَا کا ترجمہ ہمارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔
③ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسکا
مفعول ہوتا ہے۔⑤ مَا کے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥ فعل کے آخر میں یْ لائی ہو تو درمیان میں
نِ کا اضافہ ضروری ہوتا ہے۔⑦ وَ کے بعد لْ کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔⑧ یہاں یْ اور اُ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔

اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿26﴾	یا یہ کہ وہ پھیلا دے گا زمین میں فساد کو۔ ﴿26﴾
وَقَالَ مُوْسٰۤى اِنِّيْ عُذْتُ	اور موسیٰ نے کہا بیشک میں پناہ میں آتا ہوں
بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ	اپنے رب کی اور تمہارے رب (کی)
مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ	ہر (اس) تکبر کرنے والے سے
لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿27﴾ ع	(جو) ایمان نہیں لاتا یوم حساب پر۔ ﴿27﴾
وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ	اور کہا ایک مؤمن آدمی نے
مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ	آل فرعون میں سے
يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗۤ	وہ چھپائے ہوئے تھا اپنا ایمان
اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا	کیا تم قتل کرتے ہو ایسے آدمی کو
اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ	(اس لیے) کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے
وَقَدْ جَآءَكُمْ	اور یقیناً وہ آیا ہے تمہارے پاس
بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ؕ	واضح دلائل کیساتھ تمہارے رب کی طرف سے

ع 7/8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّظْهِرَ	: ظاہر، مظاہرہ، مظہر، ظہور، اظہار۔	مُتَكَبِّرٍ	: کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	يُؤْمِنُ	: ایمان، مومن، امن۔
الْاَرْضِ	: ارض و سماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	بِيَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
الْفَسَادَ	: فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔	رَجُلٌ	: رجال کار، قحط الرجال۔
قَالَ، يَقُوْلَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اٰلِ	: آل یاسر، آل محمد، آل و اولاد۔
عُذْتُ	: تعویذ، معاذ اللہ، تعوذ۔	يَكْتُمُ	: کتمان علم، کتمانِ حق۔
بِرَبِّيْ	: ربّ، ربّ کائنات، ربوبیت، مربی۔	تَقْتُلُوْنَ	: قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
كُلِّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	بِالْبَيِّنٰتِ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔

اَوْ	اَنْ ①	يُّظْهِرَ	فِي الْاَرْضِ	الْفَسَادَ ﴿26﴾
یا	یہ کہ	وہ پھیلا دے گا	زمین میں	فساد

وَ	قَالَ	مُوْسٰٓى	اِنِّيْ	عُذْتُ
اور	کہا	موسیٰ (نے)	بیشک میں	میں پناہ میں آیا

بِرَبِّيْ ②	وَ	رَبِّكُمْ ③	مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ
اپنے رب کی	اور	تمہارے رب کی	ہر تکبر کرنے والے سے

ع 3 7 8

لَّا يُؤْمِنُ ④	بِيَوْمِ الْحِسَابِ ② ﴿27﴾ ع	وَ	قَالَ	رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ⑤ صلے ق
وہ ایمان نہیں لاتا	یوم حساب پر	اور	کہا	ایک مؤمن آدمی (نے)

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَكْتُمُ	اِيْمَانَهٗٓ ⑥	اَ	تَقْتُلُوْنَ
آل فرعون میں سے	وہ چھپائے ہوئے تھا	اپنا ایمان	کیا	تم سب قتل کرتے ہو

رَجُلًا ⑤	اَنْ ①	يَّقُوْلَ	رَبِّيَ ⑦	اللّٰهُ
ایک (ایسے) آدمی کو	کہ	وہ کہتا ہے	میرا رب	اللہ (ہے)

وَ	قَدْ ⑧	جَآءَكُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ ②	مِنْ رَّبِّكُمْ ③ ط
اور	یقیناً	وہ آیا ہے تمہارے پاس	واضح دلائل کیساتھ	تمہارے رب (کی طرف) سے

ضروری وضاحت

① اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔③ كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا یا اپنا کیا ہے۔⑦ رَبِّيْ کی یْ پر جزم تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زبر آئی ہے۔⑧ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

وَ اِنْ يَّكُ كَاذِبًا	اور اگر وہ جھوٹا ہے
فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ	تو اُسی پر (وبال) ہے اس کے جھوٹ کا
وَ اِنْ يَّكُ صَادِقًا	اور اگر وہ سچا ہے
يُّصِبْكُمْ بَعْضُ	(تو) پہنچے گا تم کو کچھ حصہ (اس عذاب کا)
الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ	جس کا وہ وعدہ کرتا ہے تم سے
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ	بیشک اللہ (زبردستی) ہدایت نہیں دیتا
مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿28﴾	(اُسے) جو وہ حد سے بڑھنے والا بہت جھوٹا ہو۔ ﴿28﴾
يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ	اے میری قوم آج تم کو بادشاہی حاصل ہے
ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؗ	(اس حال میں کہ تم) غالب ہو زمین (ملک) میں
فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ	پھر کون ہماری مدد کرے گا اللہ کے عذاب سے
اِنْ جَآءَنَا ؕ	اگر وہ آگیا ہمارے پاس
قَالَ فِرْعَوْنُ مَاۤ اُرِيْكُمْ	فرعون نے کہا نہیں میں دکھاتا تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَاذِبًا، كَذَّابٌ : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔	اَلْمُلْكُ : مالک الملک، مُلک وملت، ملوکیت۔
فَعَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اَلْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
صَادِقًا : صداقت، صدق دل، صادق وامین۔	ظٰهِرِيْنَ : ظاہر، مظاہرہ، مظہر، ظہور، اظہار۔
يُّصِبْكُمْ : مصیبت، آلام ومصائب۔	فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يَعِدُكُمْ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	الْاَرْضِ : ارض وسماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
يَهْدِيْ : ہدایت، ہادی برحق، ہادی کائنات۔	يَّنْصُرُنَا : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
مُسْرِفٌ : اسراف وتبذیر۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
يٰقَوْمِ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	اُرِيْكُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔

وَ	اِنْ	يَّكُ ①	كَاذِبًا	فَعَلَيْهِ	كَذِبُهٗ ۚ
اور	اگر	وہ ہے	جھوٹا	تو اُسی پر (وبال) ہے	اس کا جھوٹ

وَ	اِنْ	يَّكُ ①	صَادِقًا	يُّصِبْكُمْ ②	بَعْضُ
اور	اگر	وہ ہے	سچا	(تو) پہنچے گا تم کو	کچھ حصہ (اس عذاب کا)

الَّذِيْ	يَعِدُكُمْ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ ②
جس کا	وہ وعدہ کرتا ہے تم سے	بے شک	اللہ	(زبردستی) ہدایت نہیں دیتا

مَنْ ③	هُوَ	مُسْرِفٌ ④	كَذَّابٌ ⑤ (28)	يٰقَوْمِ ⑥
(اُسے) جو	وہ	حد سے بڑھنے والا	بہت جھوٹا (ہو)	اے (میری) قوم

لَكُمُ ⑦	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ	ظٰهِرِيْنَ
تم کو	بادشاہی (حاصل ہے)	آج	(اس حال میں کہ تم) سب غالب (ہو)

فِي الْاَرْضِ ز	فَمَنْ	يَّنْصُرُنَا ②	مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ	اِنْ
زمین (ملک) میں	پھر کون	مدد کرے گا ہماری	اللہ کے عذاب سے	اگر

جَآءَنَا ؕ	قَالَ	فِرْعَوْنُ	مَآ	اُرِيْكُمْ
وہ آ گیا ہمارے پاس	کہا	فرعون (نے)	نہیں	میں دکھاتا تمہیں

ضروری وضاحت

①يَكُ دراصل يَكُنْ تھا تخفیف کے لیے آخر سے نْ گرایا گیا ہے۔②یہاں يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔④اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔
⑤فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥يٰقَوْمِ دراصل يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے يْ تخفیف کے لیے گرائی گئی ہے اسی کا ترجمہ میری ہے۔⑦لَكُمْ میں لَ دراصل لِـ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔

اِلَّا مَاۤ اَرٰى	مگر (وہی) جو میں دیکھتا ہوں
وَمَاۤ اَهْدِيْكُمْ	اور نہیں میں رہنمائی دیتا تمہیں
اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿29﴾	مگر بھلائی کے راستے کی۔ ﴿29﴾
وَقَالَ الَّذِيْۤ اٰمَنَ يٰقَوْمِ	اور کہا اُس نے جو ایمان لایا اے میری قوم
اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ	بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر
مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿30﴾	(گزشتہ) گروہوں کے دن کی طرح (کے عذاب سے)۔ ﴿30﴾
مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ	یعنی قوم نوح کے حال کی طرح
وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ	اور عاد و ثمود (کے حال کی طرح تمہارا حال نہ ہو جائے)
وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ	اور (اُن لوگوں کے حال کی طرح) جو اُن کے بعد ہوئے
وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿31﴾	اور اللہ نہیں چاہتا ظلم کرنا (اپنے) بندوں پر۔ ﴿31﴾
وَيٰقَوْمِ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ	اور اے میری قوم بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر
يَوْمَ التَّنَادِ ﴿32﴾	ایک دوسرے کو پکارنے کے دن سے۔ ﴿32﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّا	: اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	يٰقَوْمِ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
مَاۤ	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	اَخَافُ	: خوف، خائف، خوف و ہراس۔
اَرٰى	: رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	مِّثْلَ	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
اَهْدِيْكُمْ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	يَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
سَبِيْلَ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	الْاَحْزَابِ	: حزب اللہ، حزب الشیطان، حزب اختلاف۔
الرَّشَادِ	: رُشد و ہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔	يُرِيْدُ	: ارادہ، مرید، مراد۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	لِّلْعِبَادِ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔
اٰمَنَ	: ایمان، مومن، امن۔	التَّنَادِ	: نداء، منادی، ندائے ملت۔

إِلَّا	مَآ ①	أَرٰى	وَ ②	مَآ ①	أَهْدِيكُمْ
مگر (وہی)	جو	میں دیکھتا ہوں	اور	نہیں	میں رہنمائی دیتا تمہیں

إِلَّا	سَبِيلَ الرَّشَادِ ﴿29﴾	وَ ②	قَالَ	الَّذِيٓ ③
مگر	بھلائی کے راستے (کی)	اور	کہا	(اُس نے) جو

اٰمَنَ	يٰقَوْمِ ④	إِنِّيٓ أَخَافُ ⑤	عَلَيْكُمْ
ایمان لایا	اے (میری) قوم	بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر

مِّثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ ﴿30﴾ لا	مِثْلَ دَأْبِ	قَوْمِ نُوحٍ
گروہوں کے دن کی طرح	حال کی طرح	قوم نوح (کے)

وَ ②	عَادٍ	وَ ②	ثَمُودَ	وَ ②	الَّذِينَ ③
اور	عاد	اور	ثمود (کے حال کی طرح تمہارا حال نہ ہوجائے)	اور	(اُن لوگوں کے حال کی طرح) جو

مِنْ بَعْدِهِمْ ⑥ ط	وَ ②	مَا ①	اللّٰهُ	يُرِيدُ	ظُلْمًا	لِّلْعِبَادِ ﴿31﴾
ان کے بعد ہوئے	اور	نہیں	اللہ	وہ چاہتا	ظلم کرنا	(اپنے) بندوں پر

وَ ②	يٰقَوْمِ ④	إِنِّيٓ أَخَافُ ⑤	عَلَيْكُمْ	يَوْمَ التَّنَادِ ﴿32﴾ ⑦ لا
اور	اے (میری) قوم	بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر	ایک دوسرے کو پکارنے کے دن (سے)

ضروری وضاحت

①مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس کیا جاتا ہے جب مَا کے بعد اسی جملے میں إِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔②وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی اس حال میں کہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔③الَّذِيْ واحد مذکر کی اور الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔
④يٰقَوْمِ دراصل يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے يْ تخفیف کے لیے گرائی ہے اسی کا ترجمہ میری ہے۔⑤یہاں يْ اور أ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔⑥یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦اس لفظ میں موجود تا اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ	جس دن تم پھرو (بھاگو) گے پیٹھ پھیرتے ہوئے
مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ	نہیں ہوگا تمہارے لیے اللہ (کے عذاب) سے
مِنْ عَاصِمٍ ۚ	کوئی بچانے والا
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ گمراہ کردے
فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿33﴾	تو نہیں اس کو کوئی ہدایت دینے والا۔ ﴿33﴾
وَلَقَدْ جَآءَكُمْ	اور بلاشبہ یقیناً آیا تمہارے پاس
يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ	(اس) سے پہلے یوسف واضح دلائل کے ساتھ
فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ	پھر ہمیشہ تم رہے شک میں
مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ۭ	(اس) سے جس کو وہ لایا تمہارے پاس
حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ	یہاں تک کہ جب وہ فوت ہوگیا (تو) تم نے کہا
لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ۭ	ہرگز نہیں بھیجے گا اللہ اس کے بعد کوئی رسول
كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ	اسی طرح اللہ گمراہ کرتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوْمَ	: یوم، ایام، یومِ آخرت، یومِ آزادی۔
مُدْبِرِيْنَ	: دُبر، ادبارِ زمانہ۔
مِّنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يُّضْلِلِ	: ضلالت وگمراہی۔
هَادٍ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل ازغذا۔
بِالْبَيِّنٰتِ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
شَكٍّ	: شک، بے شک، مشکوک، شک وشبہ۔
مِّمَّا	: منجانب، من وعن / ماحول، ماتحت، ماجرا۔
حَتّٰٓى	: حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
هَلَكَ	: ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
قُلْتُمْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
يَّبْعَثَ	: بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔
بَعْدِهٖ	: بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔
رَسُوْلًا	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
كَذٰلِكَ	: کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔

يَوْمَ	تُوَلُّوْنَ	مُدْبِرِيْنَ ۚ ①	مَا	لَكُمْ
(جس) دن	تم سب پھرو (بھاگو) گے	سب پیٹھ پھیرتے ہوئے	نہیں	تمہارے لیے

مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ عَاصِمٍ ۚ ②③	وَ	مَنْ ④	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ ⑤
اللہ (کے عذاب) سے	کوئی بچانے والا	اور	جسے	وہ گمراہ کردے	اللہ

فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ ۝33 ②③	وَ	لَقَدْ ⑥	جَآءَكُمْ
تو نہیں	اس کو	کوئی ہدایت دینے والا	اور	بلاشبہ یقیناً	آیا تمہارے پاس

يُوْسُفُ	مِنْ قَبْلُ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَازِلْتُمْ ⑦
یوسف	اس سے پہلے	واضح دلائل کے ساتھ	پھر ہمیشہ رہے تم

فِيْ شَكٍّ	مِّمَّا ⑧	جَآءَكُمْ	بِهٖ ؕ
شک میں	(اس) سے جو	وہ لایا تمہارے پاس	اس کو

حَتّٰٓى	اِذَا	هَلَكَ	قُلْتُمْ	لَنْ يَّبْعَثَ	اللّٰهُ ⑤
یہاں تک کہ	جب	وہ فوت ہوگیا	(تو) تم نے کہا	ہرگز نہیں وہ بھیجے گا	اللہ

مِنْۢ بَعْدِهٖ ②	رَسُوْلًا ؕ ③	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ	اللّٰهُ ⑤
اس کے بعد	کوئی رسول	اسی طرح	گمراہ کرتا ہے	اللہ

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔② یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔④علامت مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی
کون، کس کیا جاتا ہے۔⑤فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑥ علامت لَ اور قَدْ دونوں
تاکید کی علامتیں ہیں۔⑦ یہاں مَا اور زِلْتُمْ دونوں کو ملا کر ترجمہ ہمیشہ کیا گیا ہے۔⑧مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔

مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ	اُسے جو (کہ) وہ حد سے بڑھنے والا ہو
مُّرْتَابُ ۚ ﴿34﴾	شک کرنے والا ہو۔ ﴿34﴾
الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ	وہ لوگ جو جھگڑتے ہیں اللہ کی آیات میں
بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۭ	بغیر کسی دلیل کے (جو) آئی ہو اُن کے پاس
كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ	بڑی ناراضگی کی بات ہے اللہ کے نزدیک
وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ	اور (انکے) نزدیک (بھی) جو ایمان لائے
كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ	اسی طرح اللہ مہر لگا دیتا ہے
عَلٰي كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿35﴾	ہر متکبر سرکش کے دل پر۔ ﴿35﴾
وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ	اور فرعون نے کہا اے ہامان
ابْنِ لِيْ صَرْحًا	تو بنا میرے لیے ایک بلند عمارت (محل)
لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿36﴾	تاکہ میں پہنچ جاؤں (اس پر چڑھ کر) راستوں پر۔ ﴿36﴾
اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ	آسمانوں کے راستوں پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُضِلُّ	: ضلالت وگمراہی۔	كَذٰلِكَ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
مُسْرِفٌ	: اسراف وتبذیر۔	يَطْبَعُ	: طباعت، مطبع۔
مُّرْتَابٌ	: کتاب لاریب، ریب وتردد۔	قَلْبِ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
يُجَادِلُوْنَ	: جنگ وجدل، جدال۔	مُتَكَبِّرٍ	: کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
بِغَيْرِ	: دیار غیر، غیر اللہ، اغیار۔	جَبَّارٍ	: جبر، جبار وقہار، جبروت۔
سُلْطٰنٍ	: سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔	ابْنِ	: ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔
كَبُرَ	: کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	اَبْلُغُ	: بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ۔
عِنْدَ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	السَّمٰوٰتِ	: ارض وسماء، کتب سماویہ، سماوی آفات۔

مَنْ ①	هُوَ	مُسْرِفٌ ②	مُّرْتَابُ ۚ (34)	الَّذِيْنَ ③
(اُسے) جو	وہ	حد سے بڑھنے والا (ہو)	شک کرنے والا (ہو)	(وہ لوگ) جو

يُجَادِلُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ④	بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ ⑤	اَتٰىهُمْ ۭ
وہ سب جھگڑتے ہیں	اللہ کی آیات میں	بغیر کسی دلیل کے	(جو) آئی ہو اُن کے پاس

كَبُرَ	مَقْتًا	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	عِنْدَ	الَّذِيْنَ ③
بڑی بات ہے	ناراضگی (کے لحاظ سے)	اللہ کے نزدیک	اور	(انکے) نزدیک (بھی)	جو

اٰمَنُوْا ۭ	كَذٰلِكَ	يَطْبَعُ	اللّٰهُ ⑥	عَلٰي كُلِّ قَلْبِ
سب ایمان لائے	اسی طرح	وہ مہر لگا دیتا ہے	اللہ	ہر دل پر

مُتَكَبِّرٍ ②	جَبَّارٍ (35)	وَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ ⑥	يٰهَامٰنُ
متکبر	سرکش (کے)	اور	کہا	فرعون (نے)	اے ہامان

ابْنِ ⑦	لِيْ	صَرْحًا ⑤	لَّعَلِّيْٓ
تو بنا	میرے لیے	ایک بلند عمارت (محل)	تاکہ میں

اَبْلُغُ	الْاَسْبَابَ ۙ (36) ⑥	اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ ④
میں پہنچ جاؤں	راستوں پر	آسمانوں کے راستوں پر

ضروری وضاحت

① مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔② شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔④ ات جمع مونث کی علامت ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی یا ایک کیا گیا ہے۔⑥ فعل کے بعد اسم کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑦ اِبْنِ دراصل اِبْنِيْ تھا، گرامر کے اُصول کے مطابق آخر سے ی گری ہوئی ہے۔

فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى	پھر میں جھانکوں موسیٰ کے معبود کی طرف
وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ	اور بیشک میں واقعی اُسے جھوٹا سمجھتا ہوں
وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ	اور اسی طرح مزین کر دیا گیا فرعون کے لیے
سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	اس کا برا عمل
وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ	اور وہ روکا گیا (سیدھے) راستے سے
وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ﴿37﴾ ع	اور نہیں تھی فرعون کی چال مگر تباہی ہی میں۔﴿37﴾
وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ	اور کہا (اس شخص نے) جو ایمان لایا تھا
يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ	اے میری قوم میرے پیچھے چلو
اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿38﴾ ج	میں تمہیں بھلائی کا راستہ بتاؤں گا۔﴿38﴾
يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	اے میری قوم بیشک صرف یہ دُنیاوی زندگی
مَتَاعٌ ز	(تو) معمولی فائدہ اُٹھانا ہے
وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿39﴾	اور بلاشبہ آخرت وہی قرار کا گھر ہے۔﴿39﴾

ع 10 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰٓى اِلٰهِ	مکتوب الیہ، مرسل الیہ / الٰہ، اُلوہیت۔	اتَّبِعُوْنِ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
لَاَظُنُّهٗ	سوءِظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔	اَهْدِكُمْ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
كَاذِبًا	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	الرَّشَادِ	رُشد وہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔
كَذٰلِكَ	کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	الْحَيٰوةُ	موت وحیات، حیاتی مماتی۔
زُيِّنَ	مزین، تزئین وآرائش، زینت۔	مَتَاعٌ	متاعِ کارواں، مال ومتاع۔
سُوْٓءُ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	الْاٰخِرَةَ	فکرِ آخرت، اُخروی زندگی۔
السَّبِيْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	دَارُ	دارِ فانی، دار الکتب، دیارِ غیر۔
اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلاّ قلیل، اِلا یہ کہ۔	الْقَرَارِ	قرارگاہ۔

فَاَطَّلِعَ	اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى	وَ	اِنِّىْ
پھر میں جھانکوں	موسیٰ کے معبود کی طرف	اور	بے شک میں

لَاَ ظُنُّهٗ ①	كَاذِبًا ؕ	وَ	كَذٰلِكَ	زُيِّنَ ②
واقعی میں سمجھتا ہوں اُسے	جھوٹا	اور	اسی طرح	مزین کردیا گیا

لِفِرْعَوْنَ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	وَ	صُدَّ ②③	عَنِ السَّبِيْلِ ؕ
فرعون کے لیے	اس کا برا عمل	اور	وہ روکا گیا	(سیدھے) راستے سے

ع 4 10 9

وَ	مَا	كَيْدُ فِرْعَوْنَ	اِلَّا	فِىْ تَبَابٍ ﴿37﴾ ع
اور	نہیں (تھی)	فرعون کی چال	مگر	تباہی میں

وَ	قَالَ	الَّذِىْٓ	اٰمَنَ	يٰقَوْمِ ④	اتَّبِعُوْنِ ⑤
اور	کہا	(اُس شخص نے) جو	ایمان لایا تھا	اے (میری) قوم	تم سب میرے پیچھے چلو

اَهْدِكُمْ	سَبِيْلَ	الرَّشَادِ ﴿38﴾ ج	يٰقَوْمِ ④	اِنَّمَا ⑥	هٰذِهِ
میں بتاؤں گا تمہیں	راستہ	بھلائی کا	اے (میری) قوم	بے شک صرف	یہ

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	مَتَاعٌ ز	وَّ	اِنَّ	الْاٰخِرَةَ	هِىَ	دَارُ الْقَرَارِ ﴿39﴾
دنیاوی زندگی	معمولی فائدہ	اور	بلاشبہ	آخرت	وہی	قرار کا گھر (ہے)

ضروری وضاحت

① لَ تاکید کی علامت ہے۔ ② فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ صُدَّ اصل میں صُدِدَ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق دونوں د کو شد دے کر اکٹھا کر دیا گیا ہے۔ ④ يٰقَوْمِ دراصل يٰقَوْمِىْ تھا آخر سے ىْ تخفیف کے لیے گرائی ہے اسی کا ترجمہ میری ہے۔ ⑤ یہ دراصل اِتَّبِعُوْنِىْ تھا فعل کے ساتھ ىْ لگانی ہو تو درمیان میں نِ کا اضافہ ضروری ہوتا ہے، یہاں ىْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔ ⑥ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً	جس نے کوئی برائی کی
فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ	تو نہیں وہ بدلہ دیا جائے گا مگر اس کی مثل
وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا	اور جس نے نیک عمل کیا
مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى	کوئی مرد ہو یا کوئی عورت
وَهُوَ مُؤْمِنٌ	جبکہ وہ مؤمن ہو
فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ	تو وہی لوگ داخل ہوں گے جنت میں
يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿40﴾	وہ رزق دیے جائیں گے اس میں بے حساب۔ ﴿40﴾
وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ	اے میری قوم کیا ہے مجھ کو
اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ	(کہ) میں بلاتا ہوں تمہیں نجات کی طرف
وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿41﴾	اور تم بلاتے ہو مجھے آگ کی طرف۔ ﴿41﴾
تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ	تم بلاتے ہو مجھے کہ میں کفر کروں اللہ کے ساتھ
وَاُشْرِكَ بِهٖ	اور میں شریک ٹھہراؤں اُس کے ساتھ

النصف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَمِلَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	يَدْخُلُوْنَ	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
سَيِّئَةً	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	يُرْزَقُوْنَ	: رزق، رزّاق، رازق۔
يُجْزٰٓى	: جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	بِغَيْرِ	: دیارِ غیر، غیر اللہ۔
اِلَّا	: اِلا ماشاء اللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔	اَدْعُوْكُمْ، تَدْعُوْنَنِيْ	: دعا، داعی، مدعی، دعوت۔
صَالِحًا	: صالح، صلح، اعمال صالحہ۔	النَّجٰوةِ	: نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
ذَكَرٍ	: مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔	النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
اُنْثٰى	: مؤنث و مذکر، تذکیر و تانیث۔	لِاَكْفُرَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
مُؤْمِنٌ	: ایمان، مومن، امن۔	اُشْرِكَ	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔

مَنۡ	عَمِلَ	سَيِّئَةً ①②	فَلَا	يُجۡزٰٓى ③
